Mal versjon 1.1.

VEDLEGG: VEILEDER TIL NORSKPLAN

اٹیچمنٹ: نارویجن زبان کے پلان کے متعلق رہنمائی

نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کا کورس کرنے والوں کے لیے نارویجن زبان کے پلان کے متعلق معلومات

آپ کے نارویجن زبان کے پلان کے متعلق

- آپ اور بلدیہ مل کر آپ کے نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کے کورس کے لیے نارویجن زبان کا پلان بنائیں گے۔ کورس سے آپ کو نارویجن زبان کی اچھی اہلیت اور نارویجن معاشرتی زندگی کے متعلق معلومات حاصل کرنے میں مدد ملے گی اور آپ کو دنیائے روزگار سے مستقل وابستگی مہیا ہو گی۔

نارویجن زبان کا 'گول'

- نارویجن زبان کا کورس کرنے والوں کو نارویجن زبان کی ایک کم از کم سطح حاصل کرنا ہو گی۔ بلدیہ اور کاؤنٹی میونسپلٹی ایسی تعلیم یقینی بنائیں گے کہ کورس کرنے والا کم از کم سطح حاصل کر لے۔ اس کم از کم سطح کو کورس کرنے والے کا 'گول' کہا جاتا ہے۔

وقت کی حدیں اور کورس کے گھنٹے

- نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کے کورس میں شرکت کا حق اور پابندی دلانے والے اقامتی اجازت نامے کے حامل افراد تب تک کورس جاری رکھیں گے جب تک وہ نارویجن زبان کی کم از کم سطح حاصل نہ کر لیں یعنی اپنا نارویجن زبان کا 'گول' نہ پورا کر لیں۔ تاہم منظور شدہ رخصت کو ملا کر پھر بھی کورس تین سال سے زیادہ جاری نہیں رہ سکتا۔

- پہلے سے اپر سیکنڈری یا اس سے زیادہ تعلیم رکھنے والوں کے لیے منظور شدہ رخصت کو ملا کر 18 مہینوں سے زیادہ کورس جاری رکھنے کا حق یا پابندی نہیں رہتی۔

- جن لوگوں کے لیے نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کے کورس میں شرکت لازمی ہے، ان کے لیے یہ پابندی تب تک برقرار رہتی ہے جب تک وہ نارویجن زبان کی ایک کم از کم سطح (انفرادی نارویجن 'گول') حاصل نہ کر لیں یا نارویجن زبان کی تعلیم کے 300 گھنٹے پورے نہ کر لیں۔

- معاشرتی علوم کی پڑھائی ایسی زبان میں ہو گی جو کورس کرنے والا شخص سمجھتا ہو۔ حق اور پابندی شروع ہونے کے بعد ایک سال کے اندر تعلیم مکمل کرنا ضروری ہے۔ یہ اصول تب واجب نہیں ہے جب معاشرتی علوم کے کورس کی ذمہ داری کاؤنٹی میونسپلٹی پر ہو۔

غیر حاضری اور رخصت

آپ نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کے کورس سے غیر حاضری کے لیے بلدیہ کو درخواست دے سکتے ہیں۔ (قانون اور ضوابط میں اس بارے میں خاص اصول ہیں۔ imdi.no دیکھیں۔

تعلیم روکنا

- بلدیہ کورس کرنے والے شخص کی تعلیم عارضی یا مستقل طور پر روک سکتی ہے بشرطیکہ اس کے حالات جواز مہیا کرتے ہوں۔ تعلیم روکنے کا جواز مہیا کرنے والے حالات میں یہ شامل ہیں: زیادہ غیر حاضری، ایسا طرز عمل جو کورس کرنے والے شخص یا دوسروں کے لیے کورس پورا کرنے میں ہرج پیدا کرتا ہو یا شدید یا دیرینہ بیماری۔

ٹیسٹ

- نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کے کورس میں شرکت کا حق اور پابندی دلانے والے اقامتی اجازت نامے کے حامل افراد کورس کے اختتام پر نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کا ٹیسٹ دینے کے پابند ہیں۔

- ٹیسٹ دینا ان افراد کے لیے لازمی نہیں ہے جنہیں استثنا حاصل ہے۔ کورس کرنے والوں کو درخواست دے کر ٹیسٹ/ٹیسٹوں کی پابندی سے استثنا مل سکتا ہے اور بلدیات قانون اور ضوابط کے مطابق درخواستوں پر کارروائی کرتی ہیں۔

- معاشرتی علوم کورس کا اختتامی ٹیسٹ اس تاریخ کے بعد ایک سال کے اندر دیا جائے گا جب تعلیم کا حق اور پابندی شروع ہوئی۔ (یہ اصول تب واجب نہیں ہے جب معاشرتی علوم کے کورس کی ذمہ داری کاؤنٹی میونسپلٹی پر ہو۔)

- بلدیہ یہ یقینی بنائے گی کہ جن لوگوں کے لیے نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کا اختتامی ٹیسٹ دینا لازمی ہے، وہ ٹیسٹ دے سکیں۔

کیا آپ اپنے نارویجن زبان کے پلان پر شکایت کرنا چاہتے ہیں؟

- آپ اپنے نارویجن زبان کے پلان میں تعلیم اور مواد، دونوں کے حوالے سے شکایت کر سکتے ہیں۔

اگر آپ شکایت کرنا چاہتے ہیں تو:

- اپنے نارویجن زبان کے پلان کے مواد کا فیصلہ ملنے کے بعد تین ہفتوں کے اندر شکایت داخل کریں
- بلدیہ میں اس ادارے کو شکایت پہنچائیں جس نے آپ کے نارویجن زبان کے پلان کا فیصلہ کیا ہے
- یہ لکھیں کہ آپ کیا شکایت کر رہے ہیں
- شکایت پر دستخط کریں

آپ کا کوئی مختار نمائندہ بھی آپ کی طرف سے شکایت کر سکتا ہے۔ کسی شخص کے آپ کا مختار نمائندہ بننے اور آپ کی طرف سے شکایت لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ نے اس شخص کو اس مقصد کے لیے تحریری مختار نامہ دیا ہو۔ مختار نامے میں لکھا ہونا ضروری ہے کہ آپ کا مختار نمائندہ آپ کی طرف سے کیا کر سکتا ہے۔ اگر آپ کا کوئی وکیل ہے تو مختار نامے کی ضرورت نہیں۔

آپ نارویجن زبان کے پلان کے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟

آپ نارویجن زبان کے پلان کے متعلق مزید معلومات انٹیگریشن ایکٹ سے لے سکتے ہیں۔ یہ ایکٹ اور متعلقہ سرکلر www.imdi.no اور Kompetanse Norge nettsider پر دستیاب ہے۔

ہم کورس میں آپ کی کامیابی کے متمنّی ہیں!